دفتر مقام معظم رہبری
www.leader.ir

فوج کے پاس آؤٹ پریڈ سے رہبر انقلاب اسلامی کا خطاب، دفاعی صلاحیتوں پر بول چال ناممکن - 26 /Oct/ 2017

رہبرانقلاب اسلامی اور مسلح افواج کے سپریم کمانڈر نے فرمایا ہے کہ ایران کی دفاعی طاقت اور صلاحیتوں پر کسی بھی صورت میں مذاکرات نہیں ہوسکتے آپ نے فرمایا کہ دفاعی ساز وسامان اور جو بھی چیز ایران کے قومی اقتدار کو مستحکم بناتی ہے اس کے بارے میں دشمن سے کوئی بات نہیں ہوگی

رہبرانقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے جو مسلح افواج کے سپریم کمانڈر بھی ہیں بدھ کو امام علی ملیٹری یونیورسٹی میں سالانہ پاسنگ آؤٹ پریڈ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ اسلامی نظام کے دشمن ایران کے قومی اقتدار کے عناصر کو اپنی راہ میں رکاوٹ سمجھتے ہیں اور ان کا مقابلہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں-آپ نے فرمایا کہ اسی لئے وہ مختلف قوموں کے درمیان اور اسی طرح علاقے اور علاقے سے باہر اسلامی جمہوریہ ایران کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کے مخالف ہیں کیونکہ ایران کا یہ اثر و رسوخ اور اس کی طاقت اور وقار اسلامی نظام کا اسٹریٹجیک ڈیپتھ ہے - رہبرانقلاب اسلامی نے ایران کی دفاعی توانائیوں سے سامراجی طاقتوں کی مخالفت کو بھی اسی تناظر میں قراردیا اور فرمایا کہ (سامراجی طاقتوں کی) ان مخالفتوں کا مقابلہ کرنے کا راستہ یہ ہے کہ دشمنوں کی خواہشات کے برخلاف قومی اقتدار کے عناصر پر بھروسہ اور استقامت و پامردی کا مظاہرہ کریں -رہبرانقلاب اسلامی نے فرمایاکہ مسلح افواج کی اہم ترین ذمہ داری ملک کی سیکورٹی کو مستحکم اور یقینی بنانا ہے ۔ آپ نے فرمایا کہ مختلف میدانوں، منجملہ سائنسی، اقتصادی اور صنعتی میدانوں میں ترقی وپیشرفت کا دار و مدار ملک کی سیکورٹی اور سلامتی پر ہے -آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے ایران کے سبھی لوگوں، خاص طور پر نوجوانوں کوسفارش کی کہ اسلام جمہوری نظام کی برکت سے اس وقت جو امن و سلامتی ایران میں پائی جارہی ہے اور ایران کو جو عزت و سربلندی نصیب ہے اس کی قدر کریں - رہبرانقلاب اسلامی نے فرمایا کہ ایک وقت ایران اپنے تاریخی اور درخشاں ماضی اور بے پناہ استعداد و صلاحیتوں کے باوجود امریکی صیہونی اور برطانوی مشیروں کے تسلط اور چنگل میں تھا اور آلہ کار، کمزور اور پست حکمرانوں کے ہاتھوں اس کی تحقیر کی جاتی تھی لیکن اسلام نے ایران کو نجات دلائی اور اسلامی جمہوریہ نے ایران کو باعزت اورمقتدر بنادیا -

رہبر انقلاب اسلامی کے خطاب سے قبل فوج کے کمانڈر ان چیف نے بھی فوج کے جوانوں کی مکمل تیاری پر زور دیا اور کہا کہ: " ہمارا وعدہ ہے کہ پاسداران انقلاب اسلامی کے شانہ بشانہ سامراجی طاقتوں کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیں گے یہاں اور صیہونی حکومت کا خاتمہ ممکن بنادیں گے۔"

پاس آؤٹ پریڈ کے دوران اعلی صلاحیتوں کے مالک کمانڈروں، پروفیسروں اور کیڈٹ کو مختلف اعزازات سے نوازا گیا اور فوج کے شہدا اور ان کے اہل خانہ کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

اس موقع پر فوج کی مختلف ٹکڑیوں نے بھی اپنی معیاری صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا اور انتہائی خوبصورت اور معنی و مفہوم سے مالامال کرتب پیش کئے۔